J- 67

PhD

This question paper consists of 7 pages including cover page

ENTRANCE EXAMINATION 2015

Ph.D URDU

Time : 2 Hours

Maximum Marks : 75

**INSTRUCTIONS :**

1. Write your Hall Ticket No. in the appropriate space provided in the OMR Sheet and Answer Book.
2. Candidates are prohibited from writing their names or any distinctive mark, religious or any type leading to disclosure of their identity in any part of the OMR Sheet and Answer Book.
3. There will be negative marking of 0.33 mark for every wrong answer in Part A.
4. The Answers for Part A should be marked in the OMR Sheet only as instructed. Nothing should be written on the question paper.
5. The Answers for Part B should be written in the Answer Book provided.
6. Handover both the OMR sheet and Answer Book of Part B to the invigilator at the end of the examination.

**ہدایات:**

۱۔ OMR Sheet اور جوابی بیاض میں دیے گئے خانوں میں اپنا ہال ٹکٹ نمبر درج کریں۔

۲۔ کہیں اپنا نام یا کوئی امتیازی نشان، مذہبی یا کسی نوعیت کا شناختی نشان درج کرنا منع ہے۔

۳۔ حصہ الف اور حصہ ب کے تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشان اس کے محاذی درج ہیں۔

۴۔ حصہ الف میں 50 معروضی (Objective) سوالات ہیں۔ ہر سوال کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔ ہر غلط جواب کی صورت میں 0.33 نمبر منہا کیا جائے گا۔

۵۔ حصہ الف کے جوابات، دیے گئے OMR Sheet میں ہی درج کریں۔ سوالات کے پرچے یا جوابی بیاض میں نہ لکھیں۔

۶۔ حصہ ب کے جوابات جوابی بیاض میں لکھیں۔

۷۔ OMR Sheet اور حصہ ب کا جوابی بیاض دونوں ختم امتحان پر نگران کار کے حوالے کر دیں۔

J-67

PhD

# Part - A حصہ 'الف'

ا۔ درج ذیل تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ صحیح جواب OMR Sheet میں ہدایات کے مطابق درج کریں۔

1 x 50 = 50

(1) مستخرجہ تعمیم سے کیا مراد ہے؟

(A) استقرائی تحقیق کا نتیجہ (B) استخراجی تحقیق کا نتیجہ

(C) استخراجی تحقیق کا مفروضہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

(2) پیراگراف میں موضوعی جملے کی مناسب جگہ کون سی ہے؟

(A) پیراگراف کے شروع میں (B) پیراگراف کے درمیان میں

(C) پیراگراف کے آخر میں (D) تینوں جگہوں پر مناسب ہے

(3) Transition Words کسے کہتے ہیں؟

(A) وہ لفظ یا فقرہ جو پہلے اور بعد والے جملے کو جوڑتا ہے

(B) وہ لفظ یا فقرہ پیراگراف کے پہلے جملے میں استعمال ہوتے ہیں۔

(C) وہ لفظ یا فقرہ جو اس سے پہلے جملے کی وضاحت کرتے ہیں۔

(D) ان میں سے کوئی نہیں

(4) رشید احمد صدیقی کے مطالعے کا طریقہ کیا تھا؟

(A) ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے تھے (B) ایک ایک لفظ پڑھتے تھے

(C) ایک ایک فقرہ پڑھتے تھے (D) ایک ایک پیراگراف پڑھتے تھے

(5) بین العلومی تحقیق کی خصوصیت کیا ہے؟

(A) دو یا زیادہ علوم کے درمیان مشترکہ تحقیق (B) دو مختلف زاویوں سے ایک علم کی تحقیق

(C) کئی زاویوں سے ایک علم کی تحقیق (D) ان میں سے کوئی نہیں

(6) 'مبادیاتِ تحقیق' کس کی تصنیف ہے؟

(A) عبدالسلام ندوی (B) گوپی چند نارنگ

(C) عبدالرزاق قریشی (D) گیان چند جین

J-67



(7) نسخے یا مخطوطے کتنی نوعیت کے ہوتے ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

(8) تحقیق میں تھامس ایڈیسن کا سنہرا اصول کیا تھا؟

(A) تحقیق سے پہلے خاکہ بنانا

(B) عنوانات اور ذیلی عنوانات کی تقسیم کرنا

(C) تحقیق وہاں سے شروع کرنا جہاں سے دنیا نے چھوڑ دیا ہے

(D) عنوان کے کلیدی الفاظ کے مطابق ذیلی عنوانات قائم کرنا

(9) تحقیق میں Review of Literature کسے کہتے ہیں؟

(A) مطلوبہ موضوع سے پہلے کا مواد اکٹھا کرنا (B) مطلوبہ موضوع پر پہلے کی تحقیق کا جائزہ لینا

(C) مطلوبہ موضوع کا سرسری جائزہ لینا (D) مطلوبہ موضوع کا گہرا مطالعہ کرنا

(10) کسی مضمون یا کتاب کا پہلا مسودہ لکھنے کا عمل کیا کہلاتا ہے؟

(A) تبیض (B) مبیضہ (C) تسوید (D) تعلیقہ

(11) ان میں سے کس زمرہ کا تعلق جزوی ماخذ سے نہیں ہے؟

(A) تذکروں میں نمونہ کلام (B) کسی دیوان کا مخطوطہ

(C) لغات میں مثالیں (D) پیروڈی

(12) لفظوں کو بدل دینا بالخصوص نقطوں کی تبدیلی کا عمل کیا کہلاتا ہے؟

(A) تعلیقہ (B) ترتیب (C) نظری (D) تصحیف

(13) رموز اوقاف کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

(A) Punctuation (B) Punctuality

(C) Punch mark (D) Punctuate

(14) اردو میں Comma (،) کو کیا کہتے ہیں؟

(A) ختمہ (B) واوین (C) وقفہ (D) سکتہ

(15) اگر کسی نسخے یا ایڈیشن سے دوسرے کئی نسخے نکلے ہوں تو اسے تحقیق کی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(A) افقی تشجیر (B) آمیختہ نسخہ (C) تشجیر (D) جدی تشجیر

(16) آیوا کی ریاستی یونی ورسٹی نے محقق طلبہ کی صلاحیتوں کو جانچنے کے لیے جو کارڈ بنایا تھا اس میں کتنی شرطیں تھیں؟

J-67



(A) سات (B) آٹھ (C) نو (D) دس

(17) بنیادی ماخذ کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

(A) First Source (B) Primary Source

(C) Prime Source (D) Proved Source

(18) تیز اور بہتر پڑھنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

(A) لفظوں میں پڑھنا چاہیے (B) فقروں میں پڑھنا چاہیے

(C) جملے کا پہلا اور آخری لفظ پڑھنا چاہیے (D) پیراگراف کا پہلا اور آخری جملہ پڑھنا چاہیے

(19) وضعی نسخے سے کیا مراد ہے؟

(A) وحید نسخہ (B) قلمی نسخہ (C) مکمل کتاب (D) جعلی نسخہ

(20) کتابیات کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

(A) Books and Journals (B) Bibliography

(C) Reference Material (D) Index

(21) کتاب کے مکمل ہو جانے کے بعد کسی اور جزو کے اضافے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟

(A) تعلیقہ (B) تتمّہ

(C) ضمیمہ (D) استدراک

(22) کسی ادیب کی زندگی کے اہم واقعات اور تصانیف کو سن اور تاریخ وار درج کرنے کے طریقہ کار کو کیا کہتے ہیں؟

(A) استدراک (B) توقیت (C) تحشیہ (D) تتمہ

(23) اردو میں آرکی ٹائپ نظریے کا موید کون ہے؟

(A) وزیر آغا (B) ریاض احمد (C) شبیہ الحسن (D) سید محمد عسکری

(24) ان میں سے کس رسالے نے جدیدیت کو فروغ دینے میں اہم رول ادا کیا؟

(A) شب خون (B) شاعر (C) عصری ادب (D) تحریک

(25) کس کی اصلاحی کوششوں سے اردو زبان و ادب سے ہندی رس کے ختم ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا تھا؟

(A) ولی (B) مظہر جان جاناں (C) ناسخ (D) انشا

(26) اردو زبان میں لکھا گیا شعرائے اردو کا پہلا تذکرہ کون سا ہے؟

(A) گلشن ہند (B) گلشن گفتار (C) گلشن سخن (D) گلشن بے خار

(27) میر کی تنقید میں سب سے بڑی خامی کون سی ہے؟

(A) عبارت آرائی (B) فصاحت و بلاغت (C) بے جا تعریف (D) تلخ گوئی

(28) دکن میں لکھا جانے والا پہلا تذکرہ کون سا ہے؟

(A) گلشن گفتار (B) مخزن نکات (C) تذکرۂ ریختہ گویاں (D) گلشن سخن

(29) ایطائے جلی کی فنی غلطی کہاں سرزد ہوتی ہے؟

(A) مطلع کے قافیہ میں (B) شعر کے قافیہ میں

(C) مقطع کے قافیہ میں (D) بغیر ردیف کی غزل میں

(30) اردو زبان اور شعروادب پر کس زبان کے اثرات زیادہ رہے؟

(A) فارسی (B) عربی (C) سنسکرت (D) ہندی

(31) ماسٹر رام چندر اردو میں کس حیثیت سے جانے جاتے ہیں؟

(A) شاعر (B) تذکرہ نگار (C) صحافی (D) مضمون نگار

(32) 'تبدیلی' کس کی مشہور نظم ہے؟

(A) جان نثار اختر (B) مغنی تبسم (C) شہریار (D) اختر الایمان

(33) ان میں کس مصنف نے تاریخی ناول نگاری میں نام پیدا کیا؟

(A) نذیر احمد (B) مرزا ہادی رسوا

(C) پریم چند (D) عبدالحلیم شرر

(34) ان میں سے کون سا نام ایہام کی تحریک سے وابستہ نہیں ہے؟

(A) خان آرزو (B) مضمون (C) یک رنگ (D) میر تقی میر

(35) مصنف کے ہاتھ کا لکھا یا ٹائپ کیا ہوا نسخہ کیا کہلاتا ہے؟

(A) خطی نسخہ (B) دستخطی نسخہ (C) بنیادی نسخہ (D) ماخذی نسخہ

(36) فورٹ ولیم کالج کے قیام کے اصلی محرکات کیا تھے؟

(A) سیاسی (B) تعلیمی (C) تہذیبی (D) ادبی

(37) ذیل میں متن کا اطلاق کس پر نہیں کیا جاسکتا؟

J-67

PhD

(A) کتبہ (B) مکتوب (C) بیاض (D) حافظہ میں محفوظ روایتیں

(38) ایسی کتاب جس کے بیچ کے اوراق کچھ کم ہوں کیا کہلاتی ہے؟

(A) ناقص الاول (B) ناقص الطرفین (C) ناقص الاوسط (D) ناقص الآخر

(39) اگر کسی متن کا دنیا میں ایک ہی نسخہ ملتا ہو تو ایسے نسخے کو تحقیقی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(A) وضعی نسخہ (B) وحید نسخہ (C) قلمی نسخہ (D) مسودہ

(40) وہ بیاض جس میں دوسروں کی متفرق نظم ونثر کی چیزیں لکھ لی گئی ہوں کیا کہلاتی ہے؟

(A) گلدستہ (B) نسخہ (C) کشکول (D) مخطوطہ

(41) ان میں سے کس کا تعلق اسلوبیاتی تنقید سے نہیں ہے؟

(A) مغنی تبسم (B) مسعود حسین خاں (C) وارث علوی (D) خلیل احمد بیگ

(42) فیض احمد فیض کے مجموعہ کلام 'نقش فریادی' کا پیش لفظ کس نے لکھا؟

(A) سردار جعفری (B) سجاد ظہیر (C) احتشام حسین (D) ن۔م۔راشد

(43) تسوید سے کیا مراد ہے؟

(A) کسی مضمون یا کتاب کا پہلا مسودہ لکھنا

(B) کسی مضمون یا کتاب کا آخری مسودہ لکھنا

(C) کسی مضمون یا کتاب کے نوک پلک درست کرنا

(D) کسی مضمون یا کتاب کا خاکہ تیار کرنا

(44) 'کذا' کب لکھا جاتا ہے؟

(A) جب متن میں مصنف سے کوئی غلطی سرزد ہوئی ہو (B) اقتباس سے پہلے

(C) جب کسی عربی عبارت میں غلطی سرزد ہوئی ہو (D) اقتباس کے بعد

(45) 'اصول تحقیق وترتیب متن' کس کی کتاب ہے؟

(A) تنویر احمد علوی (B) کلب عابد علی (C) خواجہ احمد فاروقی (D) رشید حسن خاں

(46) سحرالبیان کو نثر بے نظیر میں ڈھالنے کا کارنامہ کس نے انجام دیا؟

(A) میرامن (B) حیدر بخش حیدری (C) شیر علی افسوس (D) بہادر علی حسینی

(47) ''اداس نسلیں'' کس کا ناول ہے؟

J-67



(A) انتظار حسین (B) عبداللہ حسین

(C) حیات اللہ انصاری (D) راجندر سنگھ بیدی

(48) ہماری ادبی تاریخ کا ماخذ کیا ہے؟

(A) مثنوی (B) تذکرہ

(C) داستان (D) ان میں سے کوئی نہیں

(49) ''تحقیق کا طریقۂ کار'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) ڈاکٹر شین اختر (B) رشید حسن خاں (C) پروفیسر تنویر احمد علوی (D) گیان چند جین

(50) ''اردو ڈراما، روایت اور تجزیہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) عطیہ نشاط (B) محمد حسن (C) ظہور الدین (D) ریاض احمد

## Part - B حصہ 'ب'

II۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی دو (2) کے جواب مختصراً لکھیے۔ 5 x 2 = 10

1۔ ترتیب متن میں اختلاف نثر کی نشاندہی کیوں ضروری ہے؟

2۔ علاقائی ادب کی تحقیق پر ایک نوٹ لکھیے۔

3۔ کارڈ یا تراشے پر نوٹ لینے کا طریقہ بیان کیجیے۔

4۔ انشائیے کی تعریف کیجیے اور اس کی فنی خصوصیات بیان کیجیے۔

III۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک کا جواب تفصیل سے لکھیے۔ 15 x 1 = 15

1۔ تحقیق اور تنقید کے رشتے کی وضاحت کیجیے۔

2۔ مواد کی فراہمی کے مختلف ذرائع پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔

oOo